تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

April, 17, 2025

پریس ریلیز

**شیخ الجامعہ اور مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے شفیق میموریل سینیئر سیکنڈری اسکول کا دورہ کیا؛ 'اسے دہلی کا ایک بہترین اسکول' بنانے کے لیے کوشش کا وعدہ**

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تیرہ اپریل دو ہزار پچیس کو دہلی کے باڑہ ہندو راؤ میں واقع ممتاز شفیق میموریل سینیئر سیکنڈری اسکول کا دورہ کیا اور اسکول کو درپیش مسائل کا جائزہ لینے کے لیے اسکول کے تدریسی و غیر تدریسی عملہ سے بات چیت کی۔ نو سال پہلے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ایک وائس چانسلر نے اسکول کا دورہ کیا تھا جن پر خلوص خیر مقدم کیا گیا تھا۔

دہلی ایجوکیشن سوسائٹی کے زیر اہتمام اس اسکول کا قیام انیس سو اڑتالیس میں ہوا تھا اور جامعہ کے ساتھ اس کے انسلاک کی طویل تاریخ رہی ہے۔ اس عہد کے صاحب بصیرت کاروباری جناب عطاء الرحمٰن نے اس ایسوسی ایشن کو فینانس کیا تھا، تقسیم کے بعد ترک وطن کر کے چلے گئے تھے اور اسکول کو اس وقت کے جامعہ کے شیخ الجامعہ ڈاکٹر ذاکر حسین کے حوالے کر گئے تھے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین بعد میں صدر جمہوریہ بنائے گئے۔ بعد ازاں ڈی ای ایس کا قیام ہوا جس نے اسکول کے مینجمنٹ اور اس کے اراکین جن میں ڈاکٹر ذاکر حسین، محمد مجیب اور مرزا محمود بیگ جیسی ممتاز اور عبقری شخصیات شامل تھیں ان کی ذمہ داری سنبھالی۔

شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ جو دہلی ایجوکیشن سوسائٹی کے صدر بھی ہیں انھوں نے اسکول کے مینجنگ کمیٹی کے ایکس آفیسیو چیئر مین کی حیثیت سے اپنی خدمات انجام دی ہیں۔ شیخ الجامعہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اسکول دورے کے دوران اسکول کی عمارت، کمرہ جماعت، اسٹاف روم، کامن روم اور بیت الخلا کا تفصیلی معائنہ کیا۔ تقریباً ایک گھنٹے تک اسکول انتظامیہ کی بتائی اہم تشویشات پر تبادلہ خیال کرتے رہے جن میں بنیادی ڈھانچے اور اسکول بلڈنگ کے بندوبست اور معیاری تدریسی وسائل اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق امور شامل تھے۔

پروفیسر مظہر آصف نے اس اسکول کو 'دہلی کا ایک بہترین اسکول بنانے' کے مقصد سے اس کی مجموعی فضا اور اس کے ماحول کو متاثر کرنے والے مختلف انتظامی، تدریسی اور ڈھانچہ جاتی مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ پروفیسر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے اسکول کے متعلقین کی شکایات صبر و تحمل کے ساتھ سنیں اور اسکول میں تدریس و آموزش کی صورت حال کو بہتر کرنے کی سمت کوشش کرنے کا

وعدہ کیا۔ والدین، طلبہ اور اسکول انتظامیہ نے شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی مثبت پہل کا والہانہ خیر مقدم کرتے ہوئے اسکول کی ترقی و بہبود کے لیے ان کے وقف ہونے کو سراہا۔

قابل ذکر ہے کہ شفیق میموریل سینئر سیکنڈری اسکول حکومت کا امداد یافتہ اور ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، قومی راجدھانی دہلی سے منظور شدہ اسکول ہے اور بارہویں جماعت تک سی بی ایس ای بورڈ سے اس کا الحاق بھی ہے۔ بنیادی طور پر یہ ایک اردو میڈیم اسکول ہے جس میں انگریزی اور ہندی میڈیم کے اضافی سیکشن بھی ہیں اور تعلیم کے تینوں اسٹریم آرٹس، سائنس اور کامرس میں تعلیم دی جاتی ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید
چیف، تعلقات عامہ افسر، جامعہ ملیہ اسلامیہ